www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دھلی۔ لکھنؤ۔ گورکھپور۔ کانپور۔ پٹنہ۔ اور حیدر آباد سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
Saturday 27 September 2025

# مبینہ ہجومی تشدد کے ملزمان پر شدید کارروائی کا مطالبہ



**نئی دھلی (پریس ریلیز)** شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ نیوز میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔ علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شرپسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا حملہ آوروں نے مستقیم صاحب کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے لگوانے پر بار بار مجبور کیا انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو سکتا تھا۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ایسے سماج دشمن عناصر پر جلد کارروائی کی جائے تاکہ امن وفرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل واقع نہ ہو۔ مفتی مکرم نے غزہ میں دو سال سے چل رہے ظلم اور نسل کشی پر شدید غم کا اظہار کیا۔ عالمی طور پر صیہونی مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہے ہیں حال ہی میں اٹلی میں فلسطینی نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا۔ فرانس برطانیہ، آسٹریلیا کینیڈا، پرتگال اور کچھ مغربی ممالک نے فلسطین کو باقاعدہ ریاست تسلیم کر لیا ہے یہ خوش آئند بات ہے مفتی مکرم نے جنگ بندی کی اپیل کی اور یرغمال قیدیوں اور فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔

جلد (23) شمارہ (078) سنیچر 27 ستمبر 2025 مطابق 04 ربیع الثانی 1447ھ (صفحات 08) 27-09-2025

DAILY SAHAFAT DELHI

दैनिक सहाफ़त दिल्ली

روزنامہ صحافت دہلی

باخبر، بااثر حقیقتوں کا پیام بر

A LEADING URDU DAILY PUBLISHED FROM DEHRADUN, LUCKNOW, DELHI & MUMBAI

# اردو کے حوالے سے نیوز چینلوں کو وزارت کی طرف سے نوٹس بھیجنا افسوسناک

## مفتی مکرم کا مبینہ ہجومی تشدد کے ملزمان پر شدید کارروائی کا مطالبہ



نئی دہلی، (پریس ریلیز): شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ نیوز میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔ علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شر پسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا حملہ آوروں نے مولانا مستقیم کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے لگوانے پر بار بار مجبور کیا انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہوسکتا تھا۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ایسے سماج دشمن عناصر پر جلد کارروائی کی جائے تاکہ امن وفرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل واقع نہ ہو۔ مفتی مکرم نے غزہ میں دو سال سے چل رہے ظلم اور نسل کشی پر شدید غم کا اظہار کیا۔ عالمی طور پر صیہونی مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہے ہیں حال ہی میں اٹلی میں فلسطینی نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا۔ فرانس برطانیہ، آسٹریلیا کینیڈا، پرتگال اور کچھ مغربی ممالک نے فلسطین کو باقاعدہ ریاست تسلیم کر لیا ہے یہ خوش آئند بات ہے مفتی مکرم نے جنگ بندی کی اپیل کی اور یرغمال قیدیوں اور فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔

دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دھلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
www.hamarasamajdaily.com
Saturday,27,September,2025

# بڑے نیوز چینلوں کو وزارت کی طرف سے نوٹس بھیجنا افسوسناک

## مبینہ ہجومی تشدد کے ملزمان پر شدید کارروائی کا مطالبہ



نئی دہلی، 26 ستمبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ نیوز میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔ علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شرپسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا حملہ آوروں نے مستقیم صاحب کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے لگوانے پر بار بار مجبور کیا انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو سکتا تھا۔

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

ــت: ۵ روپے، ۱۴ صفحات، نئی دہلی، ہفتہ، ۲۷ ستمبر ۲۰۲۵ء، ۴ ربیع الثانی ۱۴۴۷ھ، جلد نمبر ۱۳، شمارہ ۲۲۰ ـــab.com | epaper.inquilab.com


# اردو کے حوالے سے نیوز چینلوں کو وزارت کی طرف سے نوٹس بھیجنا افسوسناک: مولانا مفتی مکرم احمد



نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے۔ اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ خبروں میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔

علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شر پسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمین کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔ حملہ آوروں نے مستقیم کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے لگوانے پر بار بار مجبور کیا۔ انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو سکتا تھا۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ایسے سماج دشمن عناصر پر جلد کارروائی کی جائے تاکہ امن و فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل واقع نہ ہو۔ انہوں نے غزہ میں دو سال سے چل رہے ظلم اور نسل کشی پر شدید غم کا اظہار کیا۔ عالمی طور پر صہیونی مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہے ہیں حال ہی میں اٹلی میں فلسطینی نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا۔ فرانس برطانیہ، آسٹریلیا کینیڈا، پرتگال اور کچھ مغربی ممالک نے فلسطین کو باقاعدہ ریاست تسلیم کر لیا ہے یہ خوش آئند بات ہے۔ مفتی مکرم نے جنگ بندی کی اپیل کی اور یرغمال قیدیوں اور فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔

Hindustan Express

ہندوستان ایکسپریس

نئی دہلی، ہفتہ، 27 ستمبر، 2025، بمطابق، 04 ربیع الثانی، 1447ھ صفحات 8، قیمت: 2 روپے

# مفتی مکرم کا مبینہ ہجومی تشدد کے ملزمان پر شدید کارروائی کا مطالبہ



نئی دہلی (فرحان یحییٰ) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ نیوز میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔ علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شر پسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا حملہ آوروں نے مستقیم صاحب کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے لگوانے پر بار بار مجبور کیا انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہوسکتا تھا۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ایسے سماج دشمن عناصر پر جلد کارروائی کی جائے تاکہ امن وفرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل واقع نہ ہو۔ مفتی مکرم نے غزہ میں دو سال سے چل رہے ظلم اور نسل کشی پر شدید غم کا اظہار کیا۔ عالمی طور پر صیہونی مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہے ہیں حال ہی میں اٹلی میں فلسطینی نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا۔

روزنامہ
# اخبارِ مشرق
Published from Delhi • Kolkata • Ranchi • Bhopal • Lucknow • Srinagar • Asansol • Siliguri
شمارہ نمبر: ۳۰
AKHBAR-E-MASHRIQ
دہلی، ہفتہ، ۲۷ ستمبر ۲۰۲۵ مطابق ۴ ربیع الثانی ۱۴۴۷ھ

## بڑے نیوز چینلوں کو وزارت کی طرف سے نوٹس بھیجنا افسوسناک

## مبینہ ہجومی تشدد کے ملزمان پر شدید کارروائی کا مطالبہ

نئی دہلی، 26 ستمبر (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور اسلامی تعلیمات کی پیروی کر کے عشق محمدی کا عملی ثبوت پیش کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے بڑے نیوز چینلوں کو اردو کے حوالے سے نوٹس دیا جانا افسوسناک ہے۔ صرف ایک شخص کی شکایت پر وزارت کا نوٹس جاری کرنا جلد بازی میں اٹھایا گیا نامناسب قدم ہے اردو ہندوستان کی زبان ہے اس کی تخلیق ہندوستان میں ہوئی ہے یہ محبت اور مٹھاس کی زبان ہے اگر دیکھا جائے تو اردو زبان ہندوستان میں ہندی کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ نیوز میں وہ الفاظ بولے جاتے ہیں جو آسان ہوں عام فہم ہوں اسی لیے ہندی میں کچھ انگریزی زبان کے الفاظ بھی شامل کر لیے جاتے ہیں جس شخص نے نیوز چینلوں کی شکایت کی ہے وہ کسی تعصب کا شکار معلوم ہوتا ہے لیکن وزارت کے افسر کو متعصب ذہن کا نہیں ہونا چاہیے۔ علی گڑھ کے لودھا بلاک میں مسجد کے امام مولانا مستقیم پر شرپسند عناصر کے ہجومی تشدد کی مفتی مکرم نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا حملہ آوروں نے مستقیم صاحب کو شدید زدوکوب کیا اور دوسرے مذہب کے نعرے



لگوانے پر بار بار مجبور کیا انہوں نے نعرے لگانے سے انکار کیا تو ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اگر پولیس موقع پر نہ آتی تو ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو سکتا تھا۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ایسے سماج دشمن عناصر پر جلد کارروائی کی جائے تاکہ امن وفرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل واقع نہ ہو۔ مفتی مکرم نے غزہ میں دو سال سے چل رہے ظلم اور نسل کشی پر شدید غم کا اظہار کیا۔ عالمی طور پر صیہونی مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہے ہیں حال ہی میں اٹلی میں فلسطینی نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا۔ فرانس برطانیہ، آسٹریلیا کینیڈا، پرتگال اور کچھ مغربی ممالک نے فلسطین کو باقاعدہ ریاست تسلیم کر لیا ہے یہ خوش آئند بات ہے مفتی مکرم نے جنگ بندی کی اپیل کی اور یرغمال قیدیوں اور فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔